Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اہم ترین

انٹرا پارٹی انتخابات میں نو منتخب چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کے پینل کی کامیابی پر سب کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں،

ملک کی سب سے بڑی اور مقبول ترین سیاسی جماعت میں نہایت شفاف اور کامیاب انداز میں انٹرا پارٹی انتخابات منعقد کروانے پر چیف الیکشن کمشنر نیاز اللہ نیازی اور تحریک انصاف الیکشن کمیشن کے دیگر کارکنان تحسین کے مستحق ہیں،

تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات بانی اور تاحیات چیئرمین عمران خان کی ویژن کی صداقت و سربلندی کا وسیلہ ہیں،

تحریک انصاف نے اپنے انٹرا پارٹی انتخابات کے ذریعے جمہوریت، آئین اور قانون سے وابستگی کے عزم کا اعادہ کیا،

تحریک انصاف نے قانون کے مطابق پچھلے سال بھی انٹرا پارٹی انتخابات منعقد کروائے،

الیکشن کمیشن کے غیر آئینی اور غیر قانونی فیصلے کو جمہوریت اور قانون کے وسیع مفاد میں قبول کیا اور اپنے جماعتی آئین کے تحت ایک بار پھر نہایت شفاف اور موثر طریقے سے انٹرا پارٹی انتخابات کے انعقاد کا عمل مکمل کیا،

بدترین جبر و فسطائیت، دستور سے سنگین فرار اور سازش و شرارت کے ماحول میں انٹرا پارٹی انتخابات کا انعقاد تحریک انصاف کو دیگر موروثی جماعتوں سے ممتاز کرتی ہے،

بانی چیئرمین عمران خان کی جماعت کے ایک وفا شعار کارکن گوہر علی خان کی بطور چیئرمین نامزدگی سے تحریک انصاف نے موروثیت کی سیاست کو دفن کر دیا،

میڈیا میں اپنے سینے پیٹنے والے ناقدین، سیاسی مخالفین اور اشاروں پر ناچتی کٹھ پتلیاں اگر واقعتا کوئی تعمیری کام کرنا چاہتے ہیں تو ملک میں دستور و قانون کی بحالی اور صاف شفاف انتخابات کے انعقاد کی مہم چلائیں

ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے طور پر دستور کی بحالی، قانون کی حکمرانی اور قوم کی حقیقی آزادی کیلئے پوری تیاری و استقامت سے انتخاب کی جانب بڑھ رہے ہیں، اللہ کی مدد اور عوام کی بے مثال تائید سے کامیابی ہمارے قدم چومے گی،

تحریک انصاف جمہوریت اور آئین و قانون کی بالادستی کیلئے آئندہ عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور ہر طرف "بلا راج کرے گا"۔

مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن